ٹاون میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

منتخب بلدیاتی نمائندوں کا نیو کراچی ٹاؤن کو خوبصورت اور بلدیاتی مسائل سے پاک بنانے کا عزم۔

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف اور وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کا مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ۔

جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لئے میدان عمل میں موجود ہیں۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

صحت منداور خوشگوار ماحول کی فراہمی کے لئے پارکوں کی تزین و آرائش ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے۔محمد یوسف

گیس کی ڈالی جانے والی لائنوں کے بعد سڑک کی تعمیر کا کام کیا جائے گا۔ٹاؤن وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر

مورخہ:06/نومبر 2024ء

کراچی( )منتخب بلدیاتی نمائندوں کا نیو کراچی ٹاؤن کو خوبصورت اور بلدیاتی مسائل سے پاک بنانے کا عزم۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف اور وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کا مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ۔اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 05 کے چیئرمین ڈاکٹر خالد، یوسی چیئرمین راجہ عطاء الرحمٰن، یوسی پینل کے اراکین ودیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے نیو کراچی سیکٹر L-5 میں صفائی ستھرائی کے ساتھ عالم پرائیڈ پر قائم کچرا کنڈی کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ آبادی کے درمیان موجود کچرا کنڈی سوالیہ نشان ہے۔چیئرمین محمد یوسف نے نیو کراچی بشیر چوک پر وچنگ مشین کے زریعے گٹروں کی صفائی کا معائنہ کیا،بعدازاں سیکٹر J-5 نیو کراچی میں اقصیٰ مسجد پارک نزد ناصرہ اسکول میں جاری پارک کی تعمیر نو کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ عوام کو صحت مند ماحول کی فراہمی کے لئے نیو کراچی ٹاؤن میں پارکوں کو بحال کیا جارہا ہے چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لئے میدان عمل میں موجود ہیں۔صحت منداور خوشگوار ماحول کی فراہمی کے لئے پارکوں کی تزین و آرائش ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے۔ٹاؤن وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر نے خواجہ اجمیر نگری روڈ سیکٹر 4 میں سوئی سدرن گیس کی جانب کی جانے والی کھدائی کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی گیس لائن ڈالنے کا کام جلد سے جلد مکمل کرے کیونکہ کھدائی کی وجہ سے عوام مشکلات سے دو چار ہیں۔وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر نے سیکٹر 3 نارتھ کراچی میں خضراء پارک میں جاری تزین و آرائش کا بھی جائزہ لیا اور افسران و عملے کو ہدایت دی کہ پارک کی تعمیر کا کام وقت پر مکمل کرلیا جائے۔وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر نے کہا کہ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کی ہدایت پر نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کام تیزی کے ساتھ جاری ہیں، گیس کی ڈالی جانے والی لائنوں کے بعد سڑک کی تعمیر کا کام کیا جائے گا ۔جماعت اسلامی کے نمائندے عوام سے کئے ہوئے وعدے وفا کررہے ہیں اور انشاءاللہ جلد نیو کراچی ٹاؤن کا شمار صاف ستھرے اور خوبصورت ٹاؤن میں ہوگا۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن